SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر VIIمجریہ ۱۹۹۳
SINDH ORDINANCE NO.VII OF 1993
صوبائی سمال کازز کورٹس (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۳
THE PROVINCIAL SMALL CAUSES COURTS (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1993

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۸۸۷ کے ایکٹ IX کی دفعہ ۱۵ کی ترمیم
Amendment of section 15 of Act IX of 1887
۳۔ ۱۸۸۷ کے ایکٹ IX کی دفعہ 27-A کی ترمیم
Amendment of section 27-A of Act IX of 1887

سندھ آرڈیننس نمبر VIIمجریہ ۱۹۹۳
SINDH ORDINANCE NO.VII OF 1993
صوبائی سمال کازز کورٹس (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۳
THE PROVINCIAL SMALL CAUSES COURTS (SINDH

AMENDMENT) ORDINANCE, 1993

[۲۲ جولائی، ۱۹۹۳]

آرڈیننس جس کے توسط سے سندھ صوبے میں نافذ ہونے والے صوبائی سمال کازز کورٹس ایکٹ، ۱۸۸۷ میں ترمیم کی جائیگی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ صوبے میں نافذ ہونے والے صوبائی سمال کازز کورٹس ایکٹ، ۱۸۸۷ میں ترمیم کرنا مقصود ہوگیا ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی کا اجلاس نہیں چل رہا ہے اور سند ھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی اقدام اٹھانا ضروری ہوگیا ہے:

اب اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو صوبائی سمال کازز کورٹس (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۳ کہا جائیگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ ہوگا اور 1 جولائی ۱۹۹۳ سے نافذ سمجھا جائے گا۔

۱۸۸۷ کے ایکٹ IX کی دفعہ ۱۵ کی ترمیم
Amendment of section 15 of Act IX of 1887

۲۔ صوبائی سمال کازز کورٹس ایکٹ، ۱۸۸۷ میں، سندھ صوبے میں نافذ کرنے کے لیئے، جس کو اس کے بعد بھی مندرجہ ذیل ایکٹ کہا جائیگا، اس کی دفعہ ۱۵ میں:

(i) ذیلی دفعہ(۲)میں، الفاظ"دو ہزار"کو الفاظ"پچیس ہزار" سے متبادل بنایا جائیگا؛

۱۸۸۷ کے ایکٹ IX کی دفعہ 27-A کی ترمیم
Amendment of section 27-A of Act IX of 1887

(ii) ذیلی دفعہ(۳)میں، الفاظ"پانچ ہزار" کو لفظ"پچاس ہزار" سے متبادل بنائے جائینگے؛

۳۔ مندرجہ ذیل ایکٹ کی دفعہ 27-A کے ذیلی دفعہ (1) میں، الفاظ "دو ہزار" اور الفاظ "پانچ ہزار" کو

الفاظ ”پچیس ہزار“ اور الفاظ ”پچاس ہزار“ سے ترتیبوار متبادل بنایا جائیگا۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔